27/05/2026 09.20 AM (5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں---مشاہد حسین

سنہا

لیفٹننٹ گورنرمنوج سنہا نے جموں کشمیر اکیڈمی آف آرٹ کلچر اینڈ لنگویجز کی تمام لائبریری کو ڈیجٹائز کرنے اور اکیڈمی سے وابستہ ملازمین اور فن کاروں کی صلاحیت سازی کیلئے ایک منظم منصوبہ عملانے کی ہدایت دی ہے ۔

انہوں نے ادارے میں خالی پڑی اسامیوں کو پر کرنے اور فن کاروں کی Accreditation کے کام میں بھی سرعت لانے کی تلقین کی ۔

لوک بھون سرینگرمیں اکیڈمی کی مرکزی کمیٹی کی ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے لیفٹننٹ گورنر نے سکولوں اور کالجوں میں متحرک ثقافتی سرگرمیوں کو فروغ دینے کیلئے ایک جامع حکمت عملی اپنانے کی ضرورت اجا گر کی ۔

اس موقعے پرمحکمہ کلچر کے پرنسپل سیکریٹری برج موہن شرما نے ادارے کی حالیہ سرگرمیوں اور کامیابیوں کا تفصیلی خلاصہ کیا۔

عید

جموں کشمیر میں آج عید الاضحی کی تقریب سعید نہایت ہی مذہبی عقیدت و احترام اور روایتی جوش و خروش کیساتھ منائی جار ہی ہے۔آج فرزندان توحید صبح سویرے سے ہی تکبیرات کا ورد کرتے ہوئے عید گاہوں کی طرف روانہ ہو کر اللہ کے حضور سربسجود ہو رہے ہیں۔

وادی مینسب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہو رہا ہے جہاں عید کی نماز صبح10بجے ادا کی جائے گی۔

سرینگر سمیت واد ی کے دیگر اضلاع میں بھی نماز عید کے روح پرور اجتماعات کا انعقاد جاری ہے، جہاں امام و خطیب حضرات عید قربان کا فلسفہ بیان کر رہے ہیں۔

عید نماز سے فارغ ہو کر فرزندان توحید سنت ابراہیمی ؑ کی پیروی میں جانوروں کی قربانی بھی پیش کرتے ہیں۔

حج

ادھر سعودی عرب میں حاجی صاحبان مناسک حج ادا کرنے میں مصروف عمل ہیں۔

وقوف عرفات اور خطبہ حج سننے کے بعد کل حاجی صاحبان نے عالم انسانیت کی بھلائی اور دنیا بھر میں قیام امن کیلئے دُعا کی ۔

رات کھلے آسمان تلے گذرانے کے بعد حاجی صاحبان آج پھر وادی منیٰ کی طرف جا رہے ہیں جہاں وہ علامتی طور بڑے شیطان کو کنکریاں ماریں گے۔

زبیر سلیم

عید جہاں سب کیلئے خوشیوں کا ایک موقعہ ہے وہیں اس موقعے پر کچھ احتیاط کرنے کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ پٹاخے پھوڑنے اور حد سے زیادہ کھان پان کرنے سے بھی اجتناب کیاجانا چاہئے ۔

اندرابی

جموں و کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے عید کے موقعے پر وقف ملازمین اور پنشنروں کیلئے تنخواہیں اور پنشن واگذار کرنے کی ہدایت دی ہے ۔

انہوننے ساتھ ہی بیت المال کی امداد کو بھی واگذار کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔

ست شرما

بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما نے پارٹی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول کے ہمراہ پارٹی لیڈروں کے ساتھ کئی میٹنگوں کا انعقاد کیا اور وزیر اعظم نریندر مو دی کی سربراہی والی حکومت کے 12برس مکمل ہونے کے سلسلے میں قومی سطح کے پروگراموں کی عمل آوری کا جائزہ لیا۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے صوبائی صدر کشمیر ایڈوکیٹ شوکت احمد میر نے پارٹی ہیڈ کواٹر پر مختلف علاقوں سے آئے ہوئے کارکنوں اور وفود کے ساتھ ملاقات کی۔

اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ پچھلے ڈیڑھ برس کے دوران موجود ہ حکومت نے عوامی بہبود کے متعدد اقدامات کئے، جن کے مثبت اثرات لوگوں کی زندگی پر مرتب ہو رہے ہیں۔

داخلہ

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے یو ٹی کے کالجوں میں داخلے کے خواہشمند امید واروں سے کہا ہے کہ وہ داخلے کیلئے کالج آپشن کا زیادہ سے زیادہ استعمال کرینتاکہ انہیں کسی نہ کسی کالج میں داخلہ مل سکے۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے اس تعلق سے کہا۔

ریل

اب ریل سے متعلق خبر

ریلوے ڈویژن جموں نے سفر کرنے والوں کی سہولت کےلئے جموں توی ریلوے سٹیشن پر اعلیٰ معیار کا ایک آئس کریم پارلر کھولنے کا فیصلہ کیا ہے۔

سینئر ڈویژنل کمر شل منیجر اُچت سنگھل نے کہا ہے کہ ریلویز ، ریل کے ذریعے سفر کرنے والوں کو اعلیٰ درجے کی سہولیات دستیاب کرانے کی وعدہ بند ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت11 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ23 اعشاریہ 4 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ